Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | بدھ، 2 ستمبر 2024ء، 27 صفر المظفر 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 153

کسی بھی قسم کی جارحیت کا بھرپور جواب دینا جانتے ہیں، سید یوسف رضا گیلانی

اس وقت قوم کو اتحاد کی ضرورت ہے، پاکستان کے نوجوان اس دنیا کو بدل سکتے ہیں، پاکستان کو خدانخواستہ دشمنوں سے کسی قسم کا خطرہ ہوا تو نوجوان طبقہ ملک کا دفاع کریگے،

پاکستان کے لیے پاکستان کے سالمیت اور اس کی فلاح و بہبود کے لیے ہم سب ایک ہیں، چیئرمین سینٹ کا ٹائنز انٹرنیشنل کے زیر اہتمام سیمینار سے خطاب

چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد (اے ایف پی) چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کسی قسم کی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا، کسی کو پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے کی اجازت نہیں دیں گے، تمام سیاسی جماعتیں اختلافات بھلا کر پاکستان کی تعمیر اور ترقی کے لئے کھڑے ہو جائیں، اس وقت قوم کو اتحاد کی ضرورت ہے، پاکستان کے نوجوان اس دنیا کو بدل سکتے ہیں، پاکستان کو خدانخواستہ دشمنوں سے کسی قسم کا خطرہ ہوا تو نوجوان طبقہ ملک کا دفاع کریگے، پاکستانی قوم متحد ہے، پاکستان کے لیے پاکستان کے سلیت اور اس کی فلاح و بہبود کے لیے ہم سب ایک ہیں۔ چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی نے اسلام آباد میں ٹائنز انٹرنیشنل کے زیر اہتمام صحت سے متعلق آگاہی سیمنار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحت سے متعلق آگاہی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے اعزاز اور خوشی محسوس کر رہا ہوں۔ (بقیہ نمبر 27)

FBR جولائی اگست میں ٹیکس وصولیوں کے ہدف میں ناکام

1.8 ہزار ارب کے ٹیکس عائد کرنے کے باوجود وصولیاں ہدف سے 111 ارب روپے کم رہیں

اسلام آباد (یو پی آئی) 1.8 ہزار ارب روپے کے بھاری ٹیکس عائد کرنے کے باوجود حکومت رواں مالی سال کے پہلے دو ماہ وصولیاں ہدف کے مقابلے کے دوران ٹیکس ہدف حاصل کرنے میں ناکام رہی، اور ٹیکس وصولیاں ہدف سے 111 ارب روپے کم رہیں (بقیہ نمبر 30)

انٹرنیٹ صارفین کی مشکلات میں اضافہ، فنانشل URL اور ایپس بند

پی ٹی اے مواد بلاکنگ میں خود مختار ہوگیا، 2369 یوآر ایل اور 183 ایپلی کیشنز بند ہوگئیں

اسلام آباد (یو پی آئی) حکومت نے انٹرنیٹ پر موجود مواد کی تصدیق کی کڑی۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) مینجمنٹ کے لئے ویب مانیٹرنگ سسٹم کی تنصیب کی باقاعدہ مواد بلاکنگ میں خود مختار ہو (بقیہ نمبر 29)

سستی بجلی کیلئے عوام کو گھروں سے نکلنا پڑے گا، نعیم الرحمان

خواب تھا پاکستان میں اسلام کے مطابق زندگی گزاریں، بدقسمتی سے وہ پاکستان اب تک نہیں بن سکا

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ سستی بجلی کے لیے عوام کو گھروں سے نکلنا پڑے گا، بجلی کے ملل عوام پر بم بن کر گر رہے ہیں۔ لاہور میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان (بقیہ نمبر 28)

کم آمدن والے افراد کا اپنی چھت کا خواب پورا کرینگے، وزیراعلیٰ پنجاب

ہر سال اس کا دائرہ کار مزید بڑھائیں گے، "اپنا گھر" پروگرام پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا اور سستا رہائشی پراجیکٹ ہوگا، وزیراعلیٰ پنجاب کی "اخوت" کے بانی و چیئرمین ڈاکٹر امجد ثاقب سے ملاقات میں گفتگو

نجی ہاؤسنگ پراجیکٹ میں درخواست دہندہ پانچ سالوں میں باقی اقساط ادا کر کے اپنے گھر کا مالک بن جائے گا۔ اس موقع پر بانی اخوت ڈاکٹر امجد ثاقب کا کہنا تھا کہ عام آدمی کے مسائل کے حل کیلئے مریم نواز کا جذبہ قابل تحسین ہے

دیہات میں 10 مرلے تک اور شہروں میں پانچ مرلے تک رہائشی پلاٹ کے مالکان 1.5 لاکھ روپے تک قرض لے سکتے ہیں، سکیم کے تحت تقریباً 14 ہزار روپے ماہانہ اقساط میں رقم کی واپسی ہوگی جس پر کوئی سود نہیں

لاہور (اے ایف پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ صوبہ بھر میں کم آمدن والے لوگوں کے لئے اپنی چھت کے خواب کو پورا کریں گے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے "اخوت" کے بانی و چیئرمین ڈاکٹر امجد ثاقب نے ملاقات کی، وزیراعلیٰ پنجاب نے ڈاکٹر امجد ثاقب کی سربراہی میں اخوت کی سماجی خدمات کو سراہا جبکہ رہائشی منصوبے میں اخوت کے تعاون پر مریم نواز کا شکریہ ادا کیا۔ ڈاکٹر امجد ثاقب نے نگلی کے بلوں میں عوامی ریلیف اور اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام پر مریم نواز کو خراج تحسین پیش کیا۔ (بقیہ نمبر 9)



وزیراعظم شہباز شریف وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین سے ان کے بھائی رانا افضال حسین کے انتقال پر اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پی آئی اے کے ڈیلی ویجز ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ

کراچی (آئی آئی پی) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن کے ڈیلی ویجز ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کر دیا گیا، تفصیلات کے مطابق پی آئی اے کے ڈیلی ویجز ملازمین (بقیہ نمبر 32)

وزیراعظم کی رانا تنویر حسین سے بھائی کی وفات پر تعزیت

مرحوم کی عوام کی فلاح و بہبود کے لئے خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا

لاہور (اے ایف پی) وزیراعظم شہباز شریف وفاقی وزیر برائے صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین کے گھر پہنچے اور ان کے بھائی مرحوم رانا افضال حسین کی صوبائی اسمبلی رکن رانا افضال حسین (بقیہ نمبر 31)

بخش نواز شریف میں جی ٹی آئی والے اندھے، گونگے اور بہرے ہو چکے ہیں، عظمیٰ بخاری

نواز شریف کے بھائی نے ملک دیوالیہ ہونے سے بچایا، بیٹی دن رات پنجاب کے عوام کی خدمت کر رہی ہے

جیل میں آپ کے چور، بدیانت اور کرپٹ لیڈر ہیں، مذاکرات اور پاؤں پکڑنے کی ضرورت آپ کو ہے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ نواز شریف نے بخش نواز شریف کا مران نیسوری کو نیا ایڈیٹر مقرر کر دیا۔ اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے انٹرنیشنل این جی اوز کے نمائندوں کی ملاقات میں پی ٹی آئی کے لوگ اندھے، گونگے اور بہرے ہو چکے ہیں۔ نواز شریف ملک و قوم کی بات کرنے والے لیڈر ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسد قیصر (بقیہ نمبر 46)

اسپیکر قومی اسمبلی سید علی گیلانی کی تیسری برسی پر پیغام

سردار ایاز صادق کا

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا سید علی گیلانی کی تحریک آزادی کشمیر کیلئے جدوجہد اور قربانیوں کو خراج تحسین

حریت رہنما سید علی گیلانی کی جواں مردی اور جرات مندانہ جدوجہد نے تحریک آزادی کشمیر کو جلا بخشی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا سید علی گیلانی کی تیسری برسی پر پیغام۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا سید علی گیلانی کی تحریک آزادی کشمیر کیلئے جدوجہد اور قربانیوں کو خراج تحسین۔ سید علی گیلانی نامور، دلیر اور ذریت حریت رہنما تھے، اسپیکر قومی اسمبلی سید علی گیلانی جواں مردی اور جرات مندانہ جدوجہد نے تحریک آزادی کشمیر کو جلا بخشی، اسپیکر قومی اسمبلی سید علی گیلانی (بقیہ نمبر 3)

زمیندار کا ملازم کو قتل کر کے کھیت میں دفنانے کا اعتراف کر لیا

سرگودھا (اے ایف پی) سرگودھا میں ایک زمیندار نے چوری کا الزام لگا کر اپنے ملازم کو قتل کرنے اور اسے کھیت میں دفن کرنے کا اعتراف کر لیا۔ سرگودھا پولیس کے ترجمان خرم اقبال کے مطابق کوٹ مومن تھانے کی پولیس کو 30 اگست کو اطلاع ملی تھی کہ مظہر اقبال نامی شخص کو اس کے آجر عامر نے 24 اگست کو اٹھوا کر لیا ہے۔ پولیس نے فوری طور (بقیہ نمبر 34)

پاکستان ٹیلرز ایسوسی ایشن ٹیلرز ایل نامور سے چیئرمین عوامی ایسوسی ایشن ساہیوال اور ڈسٹرکٹ کالجز کے جوڑے فوٹو

انٹرنیشنل این جی اوز کے کاغذات کی جانچ پڑتال کا حکم

این جی اوز کی معاونت کریں اور متعلقہ دستاویزات بروقت فراہم کریں، محسن نقوی

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے انٹرنیشنل این جی اوز کے کاغذات کی جانچ پڑتال کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ این جی اوز کی معاونت کریں (بقیہ نمبر 47)

گورنر سندھ و چیئرمین انیکیف کیڈٹ کالج مران نیسوری کو نرسز ہاؤس میں کیڈٹ کالج کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، اجلاس میں فزیکل کمیٹی، وجاہت صدیقی، سلطانہ صدیقی اور قیصر کلفانی بھی شریک ہیں

پی ایچ اے کے زیر اہتمام گرین بیلٹس پر شجرکاری کا آغاز

مختلف شاہراہوں کیساتھ گرین بیلٹس پر پی ایچ اے کی جانب سے شجرکاری مہم کے تحت پودے لگائے گئے ہیں

شجرکاری مہم کے حوالے سے اہم اہداف حاصل کریں گے، ڈی جی پی ایچ اے راولپنڈی احمد حسن رانجھا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) پی ایچ اے کے زیر اہتمام گرین بیلٹس پر شجرکاری کا آغاز راولپنڈی شہر کی مختلف شاہراہوں کیساتھ گرین بیلٹس پر پی ایچ اے کی جانب سے شجرکاری مہم کے تحت پودے لگائے گئے ہیں، پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی راولپنڈی کی جانب سے مون سون شجرکاری مہم کے تحت شہر میں مختلف سڑکوں کیساتھ گرین بیلٹس پر مختلف اقسام کے پودے لگائے گئے ہیں۔ شہری خوبصورتی میں اضافہ ہوگا اور ہیں شجرکاری مہم کے حوالے سے اہم اہداف بھی حاصل ہو گئے۔ ڈائریکٹر جنرل پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی راولپنڈی (بقیہ نمبر 40)

پی ایچ اے کے زیر اہتمام گرین بیلٹس پر شجرکاری کا آغاز کیا جا رہا ہے

بلوچستان میں طوفانی بارش کے بعد بندی نالے بپھر گئے، جھل مگسی آفت زدہ قرار

کوئٹہ (اے ایف پی) مون سون کے حالیہ اسپیل اور طوفان اسنی کے سبب بلوچستان میں ہونے والی طوفانی بارشوں کے بعد بندی نالے بپھر گئے جبکہ جھل مگسی کو آفت زدہ قرار دے دیا گیا۔ بلوچستان میں حالیہ طوفانی بارشوں نے تباہی مچا دی ہے۔ بندی نالے بپھر چکے ہیں۔ موسلا دھار مینہ برسا جب کہ (بقیہ نمبر 41)

مون سون بارشوں کے نئے اسپیل کی پیشگوئی

بارشوں کا نیا سلسلہ (آج) سے 5 ستمبر تک جاری رہے گا، این ڈی ایم اے

لاہور (این این آئی) چیئرمین ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے کہا ہے کہ 2 ستمبر سے 5 ستمبر تک مون سون بارشوں کے نئے اسپیل کی پیشگوئی کر دی۔ این ڈی ایم اے کے مطابق 2 ستمبر سے 5 ستمبر تک جاری رہے گا (بقیہ نمبر 48)

اسلام آباد، راولپنڈی کمیٹی کا پرنٹ میڈیا چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اجلاس

وزیراعظم شہباز شریف نے اخبارات کے لیے سرکاری اشتہارات کے نرخوں میں 20 فیصد اضافے کی منظوری دے دی ہے

جسے وفاقی بجٹ میں شامل کر کے جلد نوٹیفکیشن کر دیا جائے گا، کمیٹی کو یقین دلایا کہ اخبارات اور رسائل کو ریشن دیگر مسائل کو حل کیا جائے گا

چیئرمین کمیٹی نجی سودوزی کے اشتہارات کے کوٹے میں اضافے اور CPNE ممبر اخبارات میں تقسیم کو بہتر بنانے کی تجویز پیش کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) کونسل آف پاکستان نیوز پیپرز ایڈیٹرز (CPNE) کی اسلام آباد، راولپنڈی کمیٹی کا پہلا اجلاس پرنٹ میڈیا انڈسٹری کو درپیش چیلنجز پر تبادلہ خیال اور حل کرنے کے لیے منعقد ہوا۔ پرنسپل انفارمیشن آفیسر مہر شمس نے اعلان کیا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے اخبارات کے لیے سرکاری اشتہارات کے نرخوں میں 20 فیصد اضافے کی منظوری دے دی ہے۔ (بقیہ نمبر 35)

کونسل آف پاکستان نیوز پیپرز ایڈیٹرز (سی پی این ای) کی اسلام آباد، راولپنڈی کمیٹی کے چیئرمین محمد علی خان سدوزئی منعقدہ اسلام آباد، راولپنڈی کمیٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔ اس موقع پر پرنسپل انفارمیشن آفیسر مہر شمس، ڈائریکٹر جنرل اعجاز الحق، ڈپٹی چیئرمین رانا نیازی، دیگر اراکین سردار خان نیازی، طاہر قادری، ممتاز احمد صادق، کامران احمد رانجا، محمود میاں، فضل الٰہی، محمود گیلانی، روحانی، طاہر محمود اور عبداللہ اسلام بھی موجود ہیں

ڈیجیٹلائزیشن راولپنڈی میں نافذ کرنے کیلئے حکمت عملی تیار

ٹرانسپورٹ سسٹم

راولپنڈی میں پہلا ڈیجیٹلائزیشن پبلک ٹرانسپورٹ سسٹم کا سافٹ ویئر پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ تیار کرے گا

اس پروجیکٹ کے تحت پیر ودھائی بس ٹرمینل پر کنٹرول روم اور ای ٹیگ سسٹم نصب کیا جائے گا

راولپنڈی (اے ایف پی) پاکستان کی تاریخ میں پہلا مربوط ڈیجیٹلائزیشن پبلک ٹرانسپورٹ سسٹم راولپنڈی میں نافذ کرنے کے حوالے سے جامع حکمت عملی تیار کر لی گئی، راولپنڈی میں پہلا ڈیجیٹلائزیشن پبلک ٹرانسپورٹ سسٹم کا سافٹ ویئر پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ تیار کرے گا، اس پروجیکٹ کے تحت پیر ودھائی بس ٹرمینل پر کنٹرول روم اور ای ٹیگ سسٹم نصب کیا جائے گا ۔ اس بس ٹرمینل پر کھڑی (بقیہ نمبر 49)

قتل کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری ملزم سعودی عرب سے گرفتار

ملزم کے خلاف تھانہ گڈی، ڈی جی خان میں مقدمہ درج تھا

راولپنڈی (اے ایف پی) ایف آئی اے این سی بی انٹرپول نے کارروائی کرتے ہوئے سنگین جرائم میں مطلوب اشتہاری ملزم کو سعودی عرب سے گرفتار کر لیا۔ ترجمان کے مطابق ملزم کو سعودی عرب سے گرفتار کر کے اسلام آباد ایئرپورٹ منتقل کر دیا گیا۔ ملزم (بقیہ نمبر 2)

سندھ میں حالیہ بارشوں سے حب ڈیم پانی سے مکمل بھر گیا

کراچی لسبیلہ اور حب کیلئے 3 سال تک کی ضرورت کا پانی جمع ہو گیا

کراچی (اے ایف پی) سندھ میں حالیہ بارشوں سے حب ڈیم پانی سے مکمل بھر گیا، کراچی لسبیلہ اور حب کیلئے 3 سال تک کی ضرورت کا پانی جمع ہو گیا۔ واپڈا کے مطابق ڈیم میں داخل استعمال کا ذخیرہ 6 لاکھ 46 ہزار ایکڑ فٹ تک پہنچ گیا کراچی اور حب لسبیلہ (بقیہ نمبر 3)

ڈاکٹر قیصر بنگالی کی رائے کو رابطے یا سمجھ بوجھ کے فقدان پر مبنی قرار دیدیا گیا

کمیٹی کے معزز رکن کی حیثیت سے رائٹ سائزنگ کی مشق کے پہلے مرحلے میں اہم حقائق نظر انداز کیے، حکومت

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی حکومت کی رائٹ سائزنگ کمیٹی نے ڈاکٹر قیصر بنگالی کی رائے کو رابطے یا سمجھ بوجھ کے فقدان پر مبنی قرار دیدیا۔ حکومت نے ڈاکٹر قیصر بنگالی کی مشاہدات پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ کمیٹی ان کی رائے کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، انہوں نے کمیٹی کے معزز رکن کی حیثیت سے رائٹ سائزنگ کی مشق کے (بقیہ نمبر 50)

پاکستان کے ساتھ بلاتعطل مذاکرات کا دور ختم ہو چکا ہے، بھارتی وزیر خارجہ

نئی دہلی (اے ایف پی) بھارت کے وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے حکومت کی پاکستان پالیسی میں ایک واضح تبدیلی کا اشارہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلاتعطل بات چیت کا دور ختم ہو گیا ہے، جی دہلی سرحد پار ہونے والی کسی بھی دہشت پسندی کا جواب دینا چاہتی ہے (بقیہ نمبر 51)

لیپٹڈز کی فیملیز کے ماہانہ وظیفہ میں اضافہ کی منظوری

اسکروٹنی کمیٹی اگلے اجلاس میں سفارشات پیش کرے گی، گورنر سندھ

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ/ چیئرمین لیپٹڈ ٹرسٹ کامران خان ٹیسوری کی زیر صدارت گورنر ہاؤس میں اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں لیپٹڈز کی فیملیز کو دیئے جانے والے ماہانہ وظیفہ میں اضافہ کی اصولی منظوری دے دی گئی اس ضمن میں ایک اسکروٹنی کمیٹی بھی تشکیل دی گئی ہے جو اپنی سفارشات اگلے اجلاس میں پیش کرے گی۔ گورنر (بقیہ نمبر 52)



لاہور: انارکلی کے قریب لگائے گئے سائز شریٹی کٹ میں دیکھا جا رہے ہیں

اسرائیلی حملے جاری، مزید 89 فلسطینی شہید، 205 زخمی

غزہ (آئی آئی پی) اسرائیلی کا غزہ اور مغربی کنارے کیلم، وجیرم، دیر البلح، کرشیہ 24 گھنٹوں کے دوران صہیونی فورسز کے حملوں میں مزید 89 فلسطینی شہید جبکہ 205 زخمی ہو گئے۔ عرب میڈیا کے مطابق غزہ کے وسطی علاقے تصیرات میں اسرائیلی حملوں میں (بقیہ نمبر 37)

سید علی گیلانی ایک شخص کا نہیں سوچ اور انقلاب کا نام ہے، مشعال ملک

کشمیر کے شہیدوں کی قربانیاں رنگ لائیں گی، لاکھوں لوگوں نے اپنی جانیں قربان کی ہیں

آزادی کی جدوجہد میں شدت آئے گی، ہم اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے

اسلام آباد (اے ایف پی) کشمیری حریت رہنما سید علی گیلانی کی تیسری برسی کے موقع پر اپنے ایک ویڈیو پیغام میں مشعال (بقیہ نمبر 36)

مقامی ہوٹل میں دستکاری کی نمائش کے موقع پر قونصل جنرل بنگلادیش دورہ کر رہے ہیں

گیس چوری کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد میں مزید 51 گیس کنکشن منقطع، 7 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد

ملتان میں ایم نے غیر قانونی گیس کے استعمال پر 11 کنکشن اور کیپر سرکے استعمال پر 2 کنکشن منقطع کیے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن کی جاری گیس چوری کے خلاف ایک ڈاؤن کے دوران، پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں مزید 51 گیس کنکشن منقطع کر دیے گئے ہیں، اور 7 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے ہیں۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں غیر قانونی گیس کے استعمال پر 5 کنکشن جبکہ کیپر سرکے استعمال پر 14 کنکشن منقطع کیے، اور ایم نے 2.5 لاکھ روپے کے جرمانے بھی عائد کیے۔ ملتان میں ایم نے غیر قانونی گیس کے استعمال پر 11 کنکشن اور کیپر سرکے استعمال پر 2 کنکشن منقطع کیے۔ لاہور میں ریجنل ایم نے غیر قانونی گیس کے استعمال پر 1 کنکشن منقطع کیا اور 20 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا۔ شیخوپورہ میں ایم نے گیس چوری کے مقدمات (بقیہ نمبر 38)

چمن پھاٹک پر سکیورٹی فورسز کی چیک پوسٹ کے قریب دھماکا

2 افراد زخمی، سکیورٹی فورسز اور ریسکیو کا عملہ جائے وقوع پر پہنچ گیا

کوئٹہ (اے ایف پی) کوئٹہ میں سکیورٹی فورسز کی چیک پوسٹ کے قریب دھماکے کے نتیجے میں 2 افراد زخمی ہو گئے ۔ دھماکا کوئٹہ میں چمن پھاٹک پر واقع سکیورٹی فورسز کی چیک پوسٹ کے قریب ہوا ۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی سکیورٹی فورسز اور ریسکیو کا عملہ (بقیہ نمبر 4)

شہدا کی فیملیز کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، میر سرفراز بگٹی

بلوچستان کیلئے محمد علی شہید کے خون کا مقروض ہے، شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی

لاہور (اے ایف پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے شہید کیپٹن محمد علی قریشی کے اہلخانہ سے ملاقات کی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی شہید کیپٹن محمد علی قریشی کے گھر پہنچے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 5)

پاکستان کے ساتھ بلاتعطل مذاکرات کا دور ختم ہو چکا ہے، بھارتی وزیر خارجہ

شہدا کی فیملیز کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، میر سرفراز بگٹی

بلوچستان کیلئے محمد علی شہید کے خون کا مقروض ہے، شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی

صادق آباد میں انٹیلی جنس ہیڈ ٹارگٹڈ کارروائی، مشکوک کا بارود برآمد

صادق آباد (اے ایف پی) صادق آباد میں پولیس نے خفیہ اطلاع پر کچے میں کارروائی کرتے ہوئے مشکوک بارود برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس نے خفیہ اطلاع پر صادق آباد کچے میں انٹیلی جنس ہیڈ ٹارگٹڈ کارروائی کے مشکوک کا بارود برآمد کر لیا۔ پولیس کے مطابق لیہ کے مشکوک افراد کو مقابلے (بقیہ نمبر 54)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Laikaar Rawalpindi
عوام کی آواز کے ساتھ لنکار
ABC
بانی: کامریڈ فیض احمد فیض

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

سکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 17 دہشت گرد ہلاک

سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے مختلف علاقوں سمیت وادی تیراہ میں کارروائیاں کرتے ہوئے 17 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا ہے۔ پاک افواج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق، سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع پنجگور اور ژوب میں انٹیلی جنس کی بنیاد پر کارروائیاں کرتے ہوئے 5 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ شدید فائرنگ سے 3 دہشت گرد زخمی بھی ہوئے۔ دہشت گردوں کے خلاف یہ کامیاب کارروائیاں 26 اگست کو بلوچستان میں دہشت گردی واقعات کے پس منظر میں کی گئیں۔ سکیورٹی فورسز دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر 20 اگست سے وادی تیراہ، خیبر میں وسیع پیمانے پر انٹیلی جنس پر مبنی آپریشنز کر رہی ہیں۔ ان کارروائیوں کے نتیجے میں اب تک مجموعی طور پر 37 دہشت گردوں کو ہلاک کیا جا چکا ہے جبکہ 14 دہشت گرد شدید زخمی ہو چکے ہیں۔ یہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز علاقے میں امن کی بحالی تک جاری رہیں گے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ پاک فوج صرف ملک کی سالمیت اور اس کے سرحدی دفاع کے لیے ہی ہمہ وقت چاک و چوبند اور مستعد ہی نظر نہیں آتی بلکہ وہ ملک سے آخری دہشت گرد کے خاتمے کا بھی عزم باندھے ہوئے ہے جس کے تحت وہ دہشت گردوں کے خلاف مختلف آپریشنز جاری رکھے ہوئے ہے۔ اس وقت ملک میں دہشت گردی کی ہونے والی پے در پے وارداتیں اس امر کی متقاضی ہیں کہ ملکی سالمیت کو نقصان پہنچانے والے ان عناصر کے ٹھکانے ملک کے کسی بھی حصے میں ہوں، ان کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لانا سکیورٹی اداروں کے لیے ناگزیر چکا ہے۔ یہ کارروائیاں بلاتفریق اور سیاست سے پاک ہونی چاہئیں جس سے یہ تاثر پیدا نہ ہو کہ آپریشن کی آڑ میں کسی مخصوص صوبے کو نشانہ بنایا جا رہا ہے اور ان کارروائیوں کا دائرہ کار کچے کے ڈاکوؤں تک پھیلانے کی بھی ضرورت ہے جو نہ صرف علاقے میں خوف و ہراس کی علامت بن چکے ہیں بلکہ ملکی سلامتی کے بھی درپے ہیں۔ وہ اپنی کارروائیوں میں بھارتی اسلحہ استعمال کرتے ہیں جس سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ بھارت ایک منظم نیٹ ورک کے ذریعے ان ڈاکوؤں کی سرپرستی کر رہا ہے۔ اس لیے دہشت گردوں کے ساتھ ساتھ ان ڈاکوؤں کا صفایا بھی ناگزیر ہے۔

سید علی گیلانی 'امت مسلمہ کے عظیم رہنما

عبدالرشید ترابی

ریاست جموں و کشمیر کی تاریخ حریت میں سید علی گیلانی کا نام ہمیشہ سنہری حروف سے لکھا جائے گا اس لیے کہ انہوں نے اول روز سے بھارت کے استعماری عزائم کو اور ادراک کرتے ہوئے ہر محاذ پر آواز حق بلند کی قوم کو بیدار کرنے کے لیے شب و روز جدوجہد کی' بالخصوص نوجوانوں میں جذبہ جہاد اور شوق شہادت پیدا کرنے کے لیے اپنی گفتگو و کردار کو رول ماڈل کی حیثیت سے پیش کیا۔

اہل کشمیر کی تحریک آزادی بڑے حادثات سے دوچار ہوئی جن میں سب سے بڑا المیہ تحریک آزادی کے ایک بڑے لیڈر اور ہیرو شیخ عبداللہ کے 1947 میں برصغیر کی تقسیم کے تاریخ ساز عمل کے موقع پر اپنے ذاتی رجحانات اور مصالح کی وجہ سے کشمیر کو بھارت کی گود میں ڈالنے کی سہولت کاری کرنے کا تاریخی جرم کا ارتکاب کیا۔ بعد میں ان کے اپنے ہی دوست جواہر لعل نہرو کی طوطا چشمی کی وجہ سے وہ اقتدار سے محروم ہو کر قید کر دیئے گئے اور انہوں نے اپنی شاری کا فرمودہ' گیا اور بھارت کو اپنا ذاتی لبھانے کے لیے مسئلہ کشمیر کو حل طلب مسئلہ قرار دیا۔ اہل کشمیر اور پاکستان نے انہیں شیر کشمیر قرار دیا۔ کشمیری انہیں خدائی اوتار سمجھ کر انکی اندھی تقلید کرتے رہے۔ ایسے حالات میں شیخ عبداللہ کے حریف کی حیثیت سے جواہر لعل نہرو کے ساتھ ہو گئے اور کشمیر کو بھارت کے حوالے کر آشکارا کرنا اور قوم کو بھارتی استعمار اور اسکے سہولت کاروں کی سازشوں سے آگاہ کرتے ہوئے ان کے ہتھکنڈوں سے توڑ کے لیے تیار کرنا جان جوکھوں کا کام تھا جو سید علی گیلانی اور ان کے رفقاء نے سرانجام دیا۔ جماعت اسلامی کے اجتماعات میں' عوامی جلسے ہوں یا اسمبلی فلور ہو ہر پلیٹ فارم پہ انہوں نے آزادی و حریت کا نعرہ مستانہ بلند کیا' استعماری حربوں کے پردے چاک کیے اور نوجوانوں کو روح افزا ل سے شناسا کرنے کی کوشش کی۔ شیخ عبداللہ کے حریف اقبال کے ذریعے عظیم الشان اور ہمہ گیر جہاد کے لیے تیار کیا۔ یہ اسی فکر کی اعلیٰ کا نتیجہ ہے کہ آج اقتدار پر سیاسی رہنما ہوں یا مسند نشین تاریخ کے کٹہرے میں کھڑے ہیں۔ بھارتی اقتدار کو کشمیر دینے والے بڑے سے بڑے لیڈر کے جنازے سے زیادہ عام شہید کے جنازے میں ہزاروں اور لاکھوں لوگوں کی شرکت اور برہان وانی جیسے عظیم کردار کو اپنا رول ماڈل قرار دینا ایک بہت بڑا انقلاب ہے جو سید علی گیلانی کی فکر' جرات اور استقامت نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں پیدا کیا۔ کسی مظلوم و غلام قوم کی پہلی منزل ذہنی غلامی سے آزادی ہوا کرتی ہے جو اہل کشمیر کو خدا نے حاصل کر چکے ہیں۔ بلا شبہ وہ حتمی آزادی کی منزل اپنی ذہنی میں دیکھ کے لیکن یہ فوشیدہ راز ہے۔ ان کا برپا کردہ انقلاب اہل کشمیر کو آزادی کی منزل سے ضرور ہم کنار کرے گا۔ ان شاءاللہ۔

سید علی گیلانی اہل کشمیر کے ہی رہنما نہ تھے بلکہ وہ پاکستانی سیاست دانوں سے زیادہ نظریہ پاکستان پر یقین رکھنے والے' اس کے پرچارک اور اس کے محافظ تھے ان کی حیات میں جب بھی ان سے فون پر بات ہوئی وہ اپنے مصائب کا رونا رونے کے بجائے پاکستان کے حالات پر فکرمند رہتے تھے۔ پاکستانی حکمرانوں کی دہشت کی وجہ سے ملک جب خانہ جنگی کا شکار ہوا تو گیلانی صاحب نے تحت اضطراب و اظہار کیا۔ جنرل پرویز مشرف جو آغاز میں ان کا بہت احترام کرتے تھے گیلانی صاحب کی توجہات اور گرفت کی وجہ سے ان سے ناراض ہو گئے۔ بعد میں چار نکاتی فارمولے پر بھی انہوں نے برملا اختلاف کیا جس کے نتیجے میں سارک کو حریت کانفرنس کو تقسیم کیا گیا' گیلانی صاحب کا سرکاری ذرائع ابلاغ میں بائیکاٹ کر دیا گیا۔ ان ساری کیفیات کے باوجود گیلانی صاحب نے رمضان میں نہ کوئی بیان دیا اور نہ کوئی پالیسی ہی بنائی بلکہ مرنیگر کے لاکھوں لوگوں کے جلسے میں پاکستان کو امت مسلمہ کا قلعہ قرار دیتے ہوئے اللہ تعالیٰ کا عظیم عطیہ قرار دیا اور گیلانی صاحب کا کہنا تھا کہ "ہم پاکستان میں پاکستان ہمارا ہے۔"

آج وقت کے مقتدر جنرل مشرف کو تاریخ اور عامتہ الناس کس نظر سے دیکھتے ہیں اور گیلانی صاحب کا کیا مقام ہے؟ ہر فرد قابل و تجزیہ کر سکتا ہے' امت کے حقیقی ہیرو لوگوں کے دلوں میں زندہ اور محترم رہتے ہیں۔ حال ہی میں سوشل میڈیا پر ان کے نام سے ایک جعلی تحریر پھیلائی گئی کہ گیلانی صاحب نے کسی اور شخص کی بات کی ہے جو قطعاً خلاف حقیقت ہے۔ اس تحریر میں ربط لفظ اور منتشر الفاظ ہی خود جعل سازی کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ گیلانی صاحب کا دل پوری امت کے لیے دھڑکتا تھا۔ وہ فلسطین کا مسئلہ ہو یا عراق و افغانستان میں دہشت گردی کی جنگ کے نام پر مسلمانوں پر مظالم ہوں' امارکان کے مسلمانوں پر بری حکومت کے مظالم ہوں یا بھارتی استعمار کی طرف سے بھارتی مسلمانوں کا قتل عام ہو' بنگلہ دیش میں اسلامی تحریک کے خلاف ریاستی دہشت گردی ہو یا ناموس رسالت اور یورپ میں توہین قرآن کے واقعات ہو موقع پر گیلانی صاحب امت مسلمہ کے ایک عظیم ترجمان کا کردار ادا کرتے ہوئے ان کی حیثیت کے سامنے آئے اور اپنی جرأت کی ترجمانی کی۔ اسلام کی ہی آفاقی فکر مطلوب ہے جو مومن و مومن میں ہونا چاہیے جس کا کمال اہتمام گیلانی صاحب کی شخصیت کا طرہ تھا۔

سید علی گیلانی صاحب کے ساتھ چار دہائیوں پر محیط ذاتی تعلق کی بنیاد پر میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ اللہ پر توکل رکھنے والے اللہ کے ایسے ولی تھے جسے کوئی جبر و لالچ اپنے موقف سے سرمو منحرف نہ کر سکا۔ ملاقاتوں اور مشاورت میں بھی اور مواصلاتی روابط کے موقع پر بھی ہمیشہ انہیں پر امید پایا۔ وہ خفیہ حالات کے جبر سے نہ کبھی مایوس ہوئے نہ مایوسی پھیلائی بلکہ ہمیشہ امید کا چراغ فروزاں رکھا۔ کسی قوم کے لیڈر کی سب سے بڑی خوبی یہی ہے کہ وہ نہ صاحب حالات میں حق و صداقت کی راہ پر مستقیم رہے اور عزم و ہمت کے دیئے جلاتا رہے۔ سید علی گیلانی ان خوبیوں کا سراپا تھے۔ گیلانی صاحب علامہ محمد اقبال کے اس شعر کی مجسم تصویر تھے

نگاہ بلند سخن دلنواز جاں پرسوز
یہی ہے رخت سفر میر کارواں کے لیے

اللہ تعالیٰ انہیں شہادت کے اعلیٰ مرتبے پر فائز فرمائے اور ان کے مجاہدانہ اوصاف کی تقلید کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور جلد کشمیر کو آزادی کی نعمت سے ہم کنار کرے۔

آمین

معیشت بہتر، ٹیکس کلچر اپنایا جائے

تحریر۔ نصیبہ دین

پاکستان کو آبادی میں تحاشا اضافے، مہنگائی، بے روزگاری جیسے چیلنجز کا سامنا ہے۔ ہمیں اپورٹ اور اکسپورٹ میں توازن کے لیے اکسپورٹ بڑھانے اور فارن ڈائریکٹ انویسٹمنٹ حاصل کرنے پر توجہ دینا ہوگی۔ پاکستان کو غیر ملکی سرمایہ کاروں کو متوجہ کرنے کے لیے انکو ریگولیٹری ماحول کو بہتر بنانا ہوگا۔ ٹیکس نیٹ میں موجودہ کاروباری طبقے پر مزید ٹیکس لگانے کے بجائے نئے سیکٹرز کو ٹیکس نیٹ میں لانا چاہیے۔ ملک میں کاروباری بڑھتی ہوئی لاگت پر قابو پانے کی ضرورت ہے۔ ٹیکس نیٹ بڑھانا ہمارا ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔ یہ صرف وقت کا ضیاع ہوتا ہے۔ ہمیں سمندری دینے کے عمل کو روکنا ہوگا کیونکہ سمندری غذا میں کی بیشوں میں جاتی ہے۔ ٹیکس لگانے سے معیشت کا مزید نقصان ہوگا اور کاروبار جاہ ہوں گے۔ حکومت کو اس فیکٹر پر توجہ دینی چاہیے کہ تمام لین دین بینکنگ چینل کے ذریعے کیا جائے۔ بینکنگ لین دین کے ذریعے حکومت پر اداسب ٹیکس کا آسانی سے جائزہ لے سکتی ہے، بلواسطہ ٹیکس غریب طبقے کو زیادہ متاثر کرتے ہیں، اگر ٹیکس گزاروں کے ساتھ ایسا سلوک کیا جائے گا، ان کے لیے اہیں آسان کی جائیں گی تو وہ بڑی سے بڑی منزل کے حصول میں ٹیکس اکٹھا کرنے والوں کا ساتھ دے سکتے ہیں ٹیکس مشکل راستے سے گزرنے والوں کو ترک سفری طرف لے جاتے ہیں۔ ایران اور روس سمیت دہلا شیا کی ریاستیں ہمارے دروازے پر ہیں، اگر ہم اپنی معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے چاہتے ہیں تو ہمیں ان ممالک کی برآمدات کا تفصیلی جائزہ لینا چاہیے اس خاص طور پر ان کے جو دور کے ممالک سے آتے ہیں تو آپکو ان کے ساتھ ہم آہنگ ہونے کے لیے اپنی برآمدات کو کم کرنے پر توجہ دے۔ اس کے ملک کا توازن کو بہتر بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔ جمہوری طور پر پاکستان کی معاشی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے حکومت اور نجی شعبے کی جانب سے بنیادی و ضاہیہ جاتی مسائل کو حل کرنے کے لیے مسلسل کوششوں کی ضرورت ہوگی جو اقتصادی ترقی کو رواں رکھے ہیں۔ معیشت میں بہتری کے آثار خوش آیند ہیں، لیکن ملک کا غریب اور مڈل کلاس طبقہ مہنگائی اور ٹارگٹ ٹیکسز کے بوجھ تلے کراہ رہا ہے، تمام ٹیکسز پیٹرولیم بلز میں وصول کرنے کی وجہ سے عام آدمی پر مالی بوجھ بہت بڑھ گیا ہے۔ تعلیمی فوائی صنعت و حرفت کی بہتری کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہے، لہذا معاشی پالیسیوں کا ازسرنو جائزہ لینے کی اشد ضرورت ہے۔ پاکستان کا تاجر طبقہ حکومت کی پالیسیوں کے خلاف احتجاج کر رہا ہے۔ بلاشبہ تاجر طبقے کو اپنا احتجاج ریکارڈ کرانے کا حق حاصل ہے لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ پاکستان کے تمام متمول طبقات کو اپنے اپنے ٹیکسز کا بوجھ کے ملکی معیشت میں اپنا اپنا کردار بھرپور طریقے سے ادا کرنا چاہیے۔ آخر تاجر کیوں ٹیکس نیٹ میں نہیں آنا چاہتے، اس سوال جواب تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ چھوٹے دکانداروں کی آڑ لے کر کروڑوں روپے ٹیکس والے تاجر ٹیکس نیٹ سے باہر رہنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ پاکستان کی ریٹیل انڈسٹری کو نشہ پتہ ہوں سے ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہے، ایک کے بعد دوسرا ٹیکس میل نے کر رہی ہے۔ ایف بی آر کو پہلے سے ٹیکس نیٹ میں موجودہ کاروباری طبقے پر مزید ٹیکس لگانے کے بجائے نئے سیکٹرز کو ٹیکس نیٹ میں لانا چاہیے۔ ملک میں کاروباری بڑھتی ہوئی لاگت پر قابو پانے کی ضرورت ہے۔ حکومت کو اس فیکٹر پر توجہ دینی چاہیے کہ تمام لین دین بینکنگ چینل کے ذریعے کیا جائے۔ بینکنگ لین دین کے ذریعے حکومت پر اداسب ٹیکس کا آسانی سے جائزہ لے سکتی ہے، بلواسطہ ٹیکس غریب طبقے کو زیادہ متاثر کرتے ہیں، اگر ٹیکس گزاروں کے ساتھ ایسا سلوک کیا جائے گا، ان کے لیے اہیں آسان کی جائیں گی تو وہ بڑی سے بڑی منزل کے حصول میں ٹیکس اکٹھا کرنے والوں کا ساتھ دے سکتے ہیں ٹیکس مشکل راستے سے گزرنے والوں کو ترک سفری طرف لے جاتے ہیں۔ ایران اور روس سمیت دہلا شیا کی ریاستیں ہمارے دروازے پر ہیں، اگر ہم اپنی معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے چاہتے ہیں تو ہمیں ان ممالک کی برآمدات کا تفصیلی جائزہ لینا چاہیے اس خاص طور پر ان کے جو دور کے ممالک سے آتے ہیں تو آپکو ان کے ساتھ ہم آہنگ ہونے کے لیے اپنی برآمدات کو کم کرنے پر توجہ دے۔ اس کے ملک کا توازن کو بہتر بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔ جمہوری طور پر پاکستان کی معاشی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے حکومت اور نجی شعبے کی جانب سے بنیادی و ضاہیہ جاتی مسائل کو حل کرنے کے لیے مسلسل کوششوں کی ضرورت ہوگی جو اقتصادی ترقی کو رواں رکھے ہیں۔ معیشت میں بہتری کے آثار خوش آیند ہیں، لیکن ملک کا غریب اور مڈل کلاس طبقہ مہنگائی اور ٹارگٹ ٹیکسز کے بوجھ تلے کراہ رہا ہے، تمام ٹیکسز پیٹرولیم بلز میں وصول کرنے کی وجہ سے عام آدمی پر مالی بوجھ بہت بڑھ گیا ہے۔ تعلیمی فوائی صنعت و حرفت کی بہتری کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہے، لہذا معاشی پالیسیوں کا ازسرنو جائزہ لینے کی اشد ضرورت ہے۔ پاکستان کا تاجر طبقہ حکومت کی پالیسیوں کے خلاف احتجاج کر رہا ہے۔ بلاشبہ تاجر طبقے کو اپنا احتجاج ریکارڈ کرانے کا حق حاصل ہے لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ پاکستان کے تمام متمول طبقات کو اپنے اپنے ٹیکسز کا بوجھ کے ملکی معیشت میں اپنا اپنا کردار بھرپور طریقے سے ادا کرنا چاہیے۔ آخر تاجر کیوں ٹیکس نیٹ میں نہیں آنا چاہتے، اس سوال جواب تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ چھوٹے دکانداروں کی

اگر صنعتی و معاشی ترقی کے لیے ماضی میں قائم کیے گئے پاکستان انڈسٹریل ڈویلپمنٹ کارپوریشن جیسے اداروں کو دوبارہ سے فعال کرنے کے لیے کوئی ٹھوس اقدامات اٹھائے گئے تو ملک بھی کوئی دھماکہ دیا جائے۔ ایک ملک کا مجموعی جائزہ اچھا ہونا چاہیے کیونکہ یہی انڈسٹریل گروتھ کی بنیاد ہے۔ جبکہ لوگ صنعت اور سرمایہ کاری میں آگے آئیں گے۔ پاکستان میں بہت سے صنعتی ادارے ہیں جن کو آگے سہولیات دی جائیں اور سپورٹ دی جائے تو وہ دوبارہ منافع بخش ہو سکتے ہیں۔ تجربہ کار ہونے کی وجہ سے ہم دوآنہ کر کے صنعتی ترقی کو بہتر کر سکتے ہیں۔ ہمیں ہم دوآنہ کر کے صنعتی زرمبادلہ حاصل کر رہے ہیں۔ پلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اور اشتراک طریقہ کار کے تحت پرائیویٹ سیکٹر کے عمل سے ہم صنعتی ترقی کے اہداف پورا کرنے کی طرف رخت سفر میں بڑھ سکتے ہیں۔ اس وقت سارک ممالک میں پاکستان کی ٹیکس ٹیکنیشن سب سے کم ہیں۔ پلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اور تجارتی کے ذریعے صنعتی اداروں کی بحالی کے عمل کو تیز کرنا چاہیے۔ پاکستان میں ٹیکس کلچر کو فائدہ قبول اور عام کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ٹیکس گزار کی عزت و تکریم کی جائے۔ اس کو ترجیح دی جائے جیسا کہ ترقی یافتہ ممالک میں ہوتا ہے، اسے سرکاری و پلک تقابات پر جیسی فراہم کی جائیں۔ جب ایک ٹیکس گزار کو غیر معمولی عزت و احترام نہیں دیا جائے گا، اس کے یہ کس ذمیل و خوار کیا جائے گا، تو پھر گروتھ ریٹ ٹیکس نیٹ میں شامل ہونے سے خوف زدہ ہوگا۔ ہمیں صنعت میں مثبت کردار ادا کرنی ہوگی۔ ہماری بیوروکریسی کو اول مشاورتی نہیں حاکمانہ ہے، اس لیے روایتی انڈسٹریل کو ایک صدی کے مطابق ڈھالنے کی بہت ضرورت ہے۔

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

SHOWBIZ شوبز

شوہر کیساتھ تصویر لگانے پر حسد کے مارے لوگ مر جاتے ہیں، ندا یاسر

ندا یاسر کا اس مارننگ شو کا ایک مختصر سا کلپ سوشل میڈیا پر وائرل ہوا ہے

کراچی (این این آئی) پاکستانی صاحبہ اداکارہ، میزبان، یوٹیوبر ندا یاسر نے حالیا ہی میں سوشل میڈیا پر اپنی خوشیوں کو شیئر کرنے اور مداحوں کی جانب سے آنے والے دعمل پر بات کی ہے۔ اداکارہ نے اپنے مارننگ شو میں جہاں مہمان اداکاروں کی رائے لی وہیں اپنے خیالات بھی شیئر کیے۔ ندا یاسر کا اس مارننگ شو کا ایک مختصر سا کلپ سوشل میڈیا پر وائرل ہوا ہے جس میں وہ مداحوں کے حتمی رویوں کا شکوہ کر رہی ہیں۔ ندا یاسر کا کہنا ہے کہ اگر آپ اپنے شوہر کے ساتھ تو بھی کوئی ذاتی تصویر شیئر کریں گی تو حسد کے مارے لوگ مر جاتے ہیں۔

ادا کارہ نہیں وکیل بننا چاہتی تھی، کرینہ کپور کا انکشاف

اداکارہ بے شمار بھارتی فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھا چکی ہیں

